بسم اللہ الرحمن الرحیم

حرفِ اوّل

بین الاقوامی دانشوروں کی لاہور آمد

جنوبی ایشیا میں فکری تحریکات' دنیائے اسلام میں اسلام کی تجدید ونشأۃ ثانیہ کی احیائی تحریکات' اسلام کے سیاسی وسماجی ومعاشی نظام اور عصر حاضر میں دیگر اہم پیش آمدہ مسائل پر مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور کے صدر مؤسس محترم ڈاکٹر اسرار احمد کے اسلام اور قرآن کے حوالے سے نظریات کو سمجھنے کے لئے امریکہ سے بین الاقوامی دانشوروں کا ایک وفد گزشتہ دنوں لاہور آیا۔ ترکی' امریکہ اور برطانیہ کے دانشوروں اور مفکروں پر مشتمل اس نو (۹) رکنی وفد نے' جس کے زیادہ تر ارکان امریکہ کی مختلف یونیورسٹیوں کے پروفیسر حضرات تھے' ڈاکٹر ابراہیم ابوربیع کی قیادت میں ۱۰ جنوری سے ۱۲ جنوری تک محترم ڈاکٹر صاحب کے ساتھ ''راؤنڈ ٹیبل'' مذاکرات کئے' جن میں محترم ڈاکٹر صاحب نے متعلقہ موضوعات پر بڑی وضاحت وجامعیت کے ساتھ اظہارِ خیال فرمایا اور ارکانِ وفد کے استفسارات وتنقیدات کی گرہ کشائی کی۔ ان نشستوں کی کل طوالت ۱۵ گھنٹے بنتی ہے۔ ان مذاکرات کی مفصل روداد وفد کے ایک رکن ڈاکٹر روجروین زوان برگ خود مرتب کر کے اپنے مشہور و معروف مطبع ''پلوٹو پریس'' لندن سے کتابی صورت میں شائع کریں گے' جس کا اردو ترجمہ مرکزی انجمن کے زیر اہتمام لاہور سے شائع کیا جائے گا۔ وفد کے ہمراہ تنظیم اسلامی نارتھ امریکہ کے امیر مصطفیٰ الترک بھی تشریف لائے تھے' انہوں نے ان سہ روزہ ''راؤنڈ ٹیبل'' مذاکرات کی ایک رپورٹ مرتب کر کے امریکہ سے ارسال کی ہے۔ قارئین حکمت قرآن کی دلچسپی کے لئے یہ رپورٹ پیش نظر شمارے میں شامل اشاعت کی جارہی ہے۔ OO